نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہوکی زیرصدارت ملتان میں کپاس کی بہتر مینجمنٹ سے متعلق جائزہ اجلاس کا انعقاد

لاہور**25** جون **2023**: سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ پنجاب کاٹن ایکشن پلان پر عملدرآمد کی خود مانیٹرنگ کررہے ہیں۔کپاس کے پیداواری ہدف کے حصول کے لئے اس کی مینجمنٹ پر خصوصی توجہ دینی ہوگی۔ وہ آج ملتان میں کپاس کی فصل کی صورتحال کے جائزہ اجلاس کی صدارت کررہے تھے۔اجلاس میں سیکرٹری زراعت جنوبی پنجاب ثاقب علی عطیل،وائس چانسلرایم این ایس زرعی یونیورسٹی پروفیسرڈاکٹرآصف علی،ایڈیشنل سیکرٹری ٹاسک فورس شبیراحمد خان،ڈائریکٹر جنرل زراعت توسیع ڈاکٹرمحمدانجم علی،ڈائریکٹر جنرل پیسٹ وارننگ رانافقیراحمد،ڈپٹی ڈائریکٹرزرعی اطلاعات نوید عصمت کاہلوں سمیت زراعت توسیع،پیسٹ وارننگ اورشعبہ کراپ رپورٹنگ کے ڈویژنل افسران نے شرکت کی۔اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے کہا ہے کہ محکمہ زراعت توسیع،پیسٹ وارننگ اورکراپ رپورٹنگ سروس کے ڈویژنل وڈسٹرکٹ افسران باہمی رابطہ میں مزید بہتری لاتے ہوئے ایک ٹیم کے طورپرکام کریں تاکہ کپاس کے کاشتکاروں کی بہترفنی راہنمائی کی جاسکے۔اس موقع پر انہوں نے کہاکہ کپاس مینجمنٹ کے اس نازک مرحلہ میں ضرورت اس امر کی ہے کہ جس جذبے اورمحنت سے کپاس کی کاشت کے ہدف کے حصول کیلئے کوششیں کی گئیں اسی جذبے اور عزم سے فصل کی بہتر مینجمنٹ پرتوجہ مرکوز کی جائے تاکہ فی ایکڑ پیداوار میں اضافہ یقینی بنایا جاسکے۔سیکرٹری زراعت پنجاب نے فیلڈ فارمیشنز کوہدایت کی کہ ضرررساں کیڑوں کےحملہ کی شدت کے بارے میں معلومات حاصل کرکے اس کا تدارک یقینی بنایا جائے۔اس کے علاوہ موسمیاتی ایڈوائزری اورپیسٹ الرٹ بھی جاری کیا جائے۔انہوں نے مزید کہاکہ کسان سہولت سنٹرزکوایس او پیز کے مطابق آپریشنل کیاجائے اوران سہولت سنٹرزپرمعیاری پراڈکٹس کی مقررکردہ نرخوں پردستیابی یقینی بنانے کیلئے مانیٹرنگ کی جائے۔ٹیکنیکل گروپس کی میٹنگز فیلڈزمیں کرائی جائیں اوران کے ہفتہ میں دوبارفیلڈ کے دورے بھی کرائے جائیں۔فیلڈزمیں ٹیکنیکل گروپس کوپیسٹ وارننگ کی طرف سے دیئے گئے ہاٹ سپاٹس کے بارے میں معلومات فراہم کی جائیں تاکہ ٹیکنیکل ایڈوائزی کی تیاری میں معلومات حاصل ہوسکیں۔سیکرٹری زراعت پنجاب نے کراپ رپورٹنگ سروس اورزراعت توسیع کوکپاس کی کاشت سے متعلق مکمل اعدادوشمارپرمبنی رپورٹ 5 جولائی تک پیش کرنے کی ہدایت بھی کی۔

0-0-0-0-0